سوال

(857)کیا یہ بات صحیح ہے کہ سیدنا ایوب علیہ السلام کے جسم میں کیڑے تھے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سیدنا ایوب علیہ السلام کے زخمی جسم میں کیڑوں کا جو ذکر کیا جاتا ہے کیا یہ صحیح ہے؟ (ابو عبدالوہاب، خوشاب) (۱۲ اکتوبر ۲۰۰۷ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام چوں کہ ساری امت کے لیے سیرت وصورت کے اعتبار سے بہترین نمونہ ہوتے ہیں۔ اس لیے ان میں نفرت دلانے والی امراض کا پایا جانا ناممکن اور محال ہے بخلاف اعراض بشریہ کے۔ لہٰذا حضرت ایوب علیہ السلام کے جسم میں کیڑے پڑجانے والا قصہ ناقابل اعتبار ہے۔ (ملاحظہ ہو حاشیہ تفسیر سعدی: ۵/۲۵۳)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، متفرقات: صفحہ:585

محدث فتویٰ